HHC آپشنز

نیویارک شہر کی صحت اور ہسپتال کی کارپوریشن کا مقصد ہر ایک کو صحت کی سہولتیں فراہم کرنا ہے چاہے وہ معاوضہ ادا کرنے کے قابل ہوں یا نہیں۔ HHC کا وہ پروگرام جس کے تحت نیویارک کے تمام لوگوں کو صحت کی خدمات فراہم کی جاتی ہیں **ایچ ایچ سی (HHC) آپشنز** کہلاتا ہے۔

HHC کے بہت سارے مریض تارکین وطن ہیں اس لیے ہم ان کے مفادات کو مدنظر رکھتے ہوئے کام کرتے ہیں HHC کا عملہ تمام مریضوں کی رازداری کا خیال رکھتا ہے۔ اس میں تمام تارکین وطن شامل ہیں چاہے ان کے پاس ضروری کاغذات ہوں یا نہ ہوں۔ ہمارے عملے کو صحت عامہ کے ان تمام بیمہ پروگراموں کی تربیت دی جاتی ہے جنہیں تارکین وطن استعمال کرسکتے ہیں۔

اگر انگلش آپ کی مادری زبان نہیں ہے، تو ایسی سہولتیں موجود ہیں کہ آپ ڈاکٹرز اور دوسرے افراد سے بات چیت کرسکیں۔ ہماری زیادہ تر معلومات اور متعدد فارمز ہمارے علاقوں میں بولی جانے والی مختلف زبانوں میں ترجمہ شدہ ہیں۔

کون اہل ہے؟

HHC کی سہولت بغیر بیمہ والے یا بیمے کی محدود تحفظ والے مریضوں کے لیے دستیاب ہے۔ اگر آپ کو برونکس یا کوئنز میں موجود HHC کی سہولتیں چاہیے ہیں تو آپ کے لیے ضروری ہے کہ آپ نیویارک شہر میں رہتے ہوں، یا این وائی سی کے پتے پر یا ویسٹ چیسٹر کاؤنٹی یا ناساؤ کاؤنٹی میں رہنے والے کے ملاقاتی ہوں۔

مجھے درخواست دینے کیلئے کن چیزوں کی ضرورت ہوگی؟

آپ کو ہمیں اپنی آمدنی سے متعلق معلومات فراہم کرنی ہوگی۔ ہمیں آمدنی کی معلومات موصول ہوتے ہی، اگر آپ آمدنی کی بنیاد پر اہل قرار پاتے ہیں تو رقم میں تخفیف کر دی جائے گی۔ ہم آپ کو عوامی بیمہ پروگرام اور کفایتی نگہداشت کے قانون (Affordable Care Act) کے تحت سند یافتہ صحت کے منصوبوں (Qualified Health Plans) کی درخواست کرنے کے لئے ضروری دیگر معلومات سے متعلق مطلع کریں گے۔ ہم عوامی صحت بیمہ اور سند یافتہ صحت کے منصوبوں – میڈک ایڈ، چائلڈ ہیلتھ پلس، EPIC (معمر افراد کے لئے) اور ADAP (HIV/AIDS کے شکار لوگوں کے لئے) کی درخواست دینے میں آپ کی مدد کریں گے۔ اگر آپ ان پروگراموں کے لئے اہل نہیں ہیں تو آپ تخفیف شدہ فیس کے اسکیل کی بنیاد پر تخفیف شدہ رقم ادا کریں گے۔

مجھے کتنا ادا کرنا ہوگا؟

اگر آپ صحت عامّہ کے ایک بھی بیمہ پروگرام کے اہل نہیں ہیں تو، آپ کو تدریجی فیس کےاسکیل کے مطابق تخفیف شدہ معاوضہ ادا کرنا ہوتا ہے۔ آمدنی اور خاندان کے افراد کی تعداد کی بنیاد پر معاوضے میں کمی ہوگی۔ مثال کے طور پر،ہنگامی حالت سے متعلق شعبے یا کلینک میں آمد کا خرچ $15 تا $60 ہوتا ہے۔ بچوں اور حاملہ خواتین کے لئے فیس $0 سے شروع ہوتی ہے۔ اس فیس میں اسی دن ہونے والی سرجری (جرّاحی) کے علاوہ خارجی مریض والی تمام خدمات شامل ہیں جس کی فیس $150 سے شروع ہوتی ہے۔ اگر آپ کوہسپتال میں قیام کرنا پڑتا ہے اور صحت کے بیمے کے تحفظ کے اہل نہیں ہیں تو، ہسپتال کا بل آمدنی اور بچت کی بنیاد پر ان افراد کیلئے جن کی بچت $8,000 **سے کم ہے** $150 سے $5,000 تک کم ہوجائیگا ۔

اگر میں صحت کے بیمے کے تحفظ کے بارے میں کوئی اطلاع ملنے کا منتظر ہوں اور اسی درمیان مجھے بل موصول ہوتا ہے توکیا ہوگا؟

اگر آپ صحت عامّہ کے بیمے کے لئے درخواست دیتے ہیں تو جب تک آپ کی درخواست زیر غور ہو آپ سے ادائیگی کرنے کا تقاضہ نہیں کیا جائے گا۔ اگر آپ کو بل ملتا ہے تو، جس ادارے سے آپ نے طبی نگہداشت حاصل کی ہے وہاں کے مالی مشیر کو کال کریں یا ان سے ملیں۔

HHC آپشنز تدریجی فیس کا اسکیل

خاندان	%150-0	%200-151		%250-201		%300-251		%350-301		%400-351		+ %400
افراد	سے کم	سے زیادہ	سے کم	سے زیادہ	سے کم	سے زیادہ	سے کم	سے زیادہ	سے کم	سے زیادہ	سے کم	سے زیادہ
1	$17,505	$17,506	$23,340	$23,341	$29,175	$29,176	$35,010	$35,011	$40,845	$40,846	$46,680	$46,681
2	$23,595	$23,596	$31,460	$31,461	$39,325	$39,326	$47,190	$47,191	$55,055	$55,056	$62,920	$62,921
3	$29,685	$29,686	$39,580	$39,581	$49,475	$49,476	$59,370	$59,371	$69,265	$69,266	$79,160	$79,161
4	$35,775	$35,776	$47,700	$47,701	$59,625	$59,626	$71,550	$71,551	$83,475	$83,476	$95,400	$95,401
5	$41,865	$41,866	$55,820	$55,821	$69,775	$69,776	$83,730	$83,731	$97,685	$97,686	$111,640	$111,641
6	$47,955	$47,956	$63,940	$63,941	$79,925	$79,926	$95,910	$95,911	$111,895	$111,896	$127,880	$127,881
7	$53,045	$53,046	$72,060	$72,061	$90,075	$90,076	$108,090	$108,091	$126,105	$126,106	$144,120	$144,121

ایک سال میں کمائی ہوئی رقم اور اپنے خاندان کے افراد کی تعداد سے میل رکھنے والی سطح معلوم کریں۔ یہی سطح HHC آپشنز کے لئے آپ کے خاندان کی فیس کا کوڈ ہے۔

	%150-0	%200-151	%250-201	%300-251	%350-301	%400-351	+ %400
بالغوں کے لئے ڈاکٹروں یا ہنگامی شعبے میں آمد	$15	$20	$30	$40	$50	$60	اصل معاوضے کی حد تک
بچوں یا حاملہ خواتین کے لئے ڈاکٹروں یا ہنگامی شعبے میں آمد	$0	$0	$0	$15	$20	$30	اصل معاوضے کی حد تک
ڈاکٹر کی آمد یا ہنگامی شعبے یا ہسپتال میں قیام کے عوض مریض کی ضمنی ادائیگی اور قابل منہائی(deductibles) (بیمے کے تمام منصوبے) کی رقوم*	$0	$0	$10	$12	$15	$18	مکمل ضمنی ادائیگی اور قابل منہائی رقم
نسخے والی دوائیں یا فارمیسی کی ضمنی ادائیگیاں (فیس فی نسخہ)*	$2	$6	$10	$14	$18	$22	اصل لاگت اور $6 اضافی
بالغوں اور بچوں کے لئے ایمبولیٹری سرجری اور ایم آر آئی (MRI) جانچ	$150	$250	$350	$450	$550	$650	اصل معاوضے کی حد تک
اگر آپ کی بچت $8,000 سے کم ہے تو ہسپتال میں قیام**	$150	$300	$800	$1,800	$3,000	$5,000	اصل معاوضے کی حد تک

اپنے خاندان کی سطح کو دیکھیں اور معلوم کریں کہ آپ کوHHC میں ہسپتال اور ڈاکٹر کے بلوں کے عوض کتنی رقم ادا کرنی ہوگی۔

*اگر فیس دواؤں یا خدمات کے اخراجات سے زیادہ ہے تو بعد میں مزید کمی کی جائے گی

**$8,000 سے زیادہ کی بچت پر مزید2% معاوضہ عائد کیا جائے گا۔

ایسے مریض جنہیں کثرت سے خدمات کی ضرورت ہو جیسے تھراپی یا ایسے مریض جنہیں متعدد نسخوں کی ضرورت ہو وہ مالی مشیر سے مشورہ کرسکتے ہیں یا فیس کی معافی یا کٹوتی کے لئے درخواست دے سکتے ہیں۔